معمولات و وظائف رمضان

از: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

1. نماز پنج گانہ باجماعت ادا کریں۔
2. نمازِ تراویح پوری باجماعت ادا کریں۔
3. سحری کھانے سے قبل نماز تہجد ادا کریں۔ اِس کی کم اَز کم دو (2) اور زیادہ سے زیادہ بارہ (12) رکعات ہیں۔
4. حتی الامکان فضائل و برکات والی دیگر نفلی نمازیں ادا کریں۔ مثلاً:

- نمازِ اشراق: اِس کا وقت طلوعِ آفتاب سے بیس (20) منٹ بعد شروع ہوتا ہے۔ اِس کی کم اَز کم دو (2) اور زیادہ سے زیادہ چھ (6) رکعات ہیں۔
- نمازِ چاشت: اِس کا وقت آفتاب کے خوب طلوع ہو جانے پر ہوتا ہے۔ جب طلوعِ آفتاب اور آغازِ ظہر کے درمیان کل وقت کا آدھا حصہ گزر جائے تو یہ چاشت کے لیے اَفضل وقت ہے۔ اِس کی کم اَز کم دو (2) اور زیادہ سے زیادہ بارہ (12) رکعات ہیں۔
- نمازِ اَوّابین: یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کی نماز ہے، جو کم اَز کم دو (2) طویل رکعات یا چھ (6) مختصر رکعات سے لے کر زیادہ سے زیادہ بیس (20) رکعات پر مشتمل ہے۔

5. روزانہ خشوع و خضوع اور تفکر و تدبر کے ساتھ قرآن حکیم مع ترجمہ ''عرفان القرآن'' کی تلاوت کریں۔
6. درج ذیل وظائف روزانہ ایک ایک ہزار مرتبہ پڑھیں:

- درود شریف: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ
- اِستغفار: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
- کلمہ طیبہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

7. پہلے عشرے میں ہر نماز کے بعد رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ کا وِرد ایک سو مرتبہ کریں۔

8. دوسرے عشرے میں ہر نماز کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ کا وِرد ایک سو مرتبہ کریں۔

9. تیسرے عشرے میں ہر نماز کے بعد اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ کا وِرد ایک سو مرتبہ کریں۔

10. حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شبِ قدر میں درج ذیل دعا پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ

لہٰذا آخری عشرے کی ہر طاق رات میں کثرت کے ساتھ اِس کا وِرد کریں۔

11. علاوہ ازیں ہماری کتاب الفیوضات المحمدیۃ میں درج فرض نمازوں کے بعد کیے جانے والے بقیہ وظائف کو اپنا معمول بنائیں، اور ہر فرض نماز کے بعد سُبْحَانَ اللهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَللهُ اَكْبَرُ کی ایک تسبیح کریں۔ آیۃ الکرسی اور مذکورہ بالا اِستغفار پڑھیں۔

12. رحمتوں اور سعادتوں بھرے اِس مہینے میں کثرت کے ساتھ صدقات وخیرات کو اپنا معمول بنائیں، اور محتاجوں وضرورت مندوں کی مدد کریں۔